06-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت ترقی اور فلاح کے دو اہم ستونوں پر چل رہی ہے۔

۲۔حیدرآباد میں عالمی سطح پر منعقد ہونے والی گلوبل سمٹ کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔اس سمٹ میں دنیا بھر سے اہم شخصیات شرکت کریں گی اور 27 خصوصی سیشن کا انعقاد کیا جائے گا۔

۳۔مرکزی حکومت کی طرف سے تیار کئے گئے بیج ایکٹ کے مسودے میں 13 نکات میں تبدیلی کی تجویز دی گئی ہے،جس کا اعلان پروفیسر جے شنکر تلنگانہ ایگریکلچر یونیورسٹی کے پروفیسر جانیا نے کیا۔

اور

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے اطلاع دی ہے کہ ریاست میں آئندہ تین دنوں کے دوران درجہ حرارت معمول سے دو سے تین ڈگری تک کم رہنے کا امکان ہے۔

GLOBAL SUMMIT

حیدرآباد میں عالمی سطح پر منعقد ہونے والی گلوبل سمٹ کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔اس سمٹ میں دنیا بھر سے اہم شخصیات شرکت کریں گی اور 27 خصوصی سیشن کا انعقاد کیا جائے گا۔ یہ عالمی سمٹ رنگاریڈی ضلع کے میر خان پیٹ کے فیوچر سٹی میں 100 ایکڑ رقبہ پر ہوگی۔مختلف شعبوں کے صنعتی لیڈرس،فلم اور کھیل کی مشہور شخصیات اس کانفرنس میں شرکت کریں گی۔اس کانفرنس کے دوران تلنگانہ رائزنگ گلوبل ڈاکومنٹ کا اجراء کیا جائے گا جس میں 2047 تک ریاست کو 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کا منصوبہ شامل ہے۔ یہ دستاویز 9 دسمبر کی شام کو پیش کی جائے گی۔اس عالمی کانفرنس میں شرکت کے لئے مختلف ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کو دعوت نامے بھیجے گئے ہیں۔ان میں آندھرا پردیش،تمل نادو،جموں وکشمیر،جھارکھنڈ،آسام کے وزرائے اعلی شامل ہیں۔ریاستی حکومت کی جانب سے نائب وزیراعلیٰ بھٹی

وکرامارکا، وزرااتم کمار ریڈی، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اوراوردوسروں نے انہیں دعوت نامے پیش کئے۔مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کوریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکرنے کریم نگرضلع میں دعوت نامہ آج حوالے کیا۔

BJP DHARNA

تلنگانہ بی جے پی کے صدرایم رام چندرراؤ نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے جس کے خلاف اتوارکوحیدرآباد کے دھرنا چوک میں پارٹی کے قائدین کے ساتھ ایک مہا دھرنا منعقد کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اگرچہ ریاست میں کانگریس کی حکومت قائم ہوچکی ہے،مگرابھی تک انتخابی وعدے پورے نہیں کئے گئے ہیں جس پروہ احتجاج کررہے ہیں۔

KISAN MELA

سوریاپٹ ضلع کے زرعی آفیسر جی سری دھرریڈی نے کسانوں کومشورہ دیا ہے کہ وہ انسانیت کے لئے مضر کیمیائی کھادوں کی جگہ قدرتی کھاداورحیاتیاتی کیڑے مارادویات استعمال کریں۔عالمی مٹی کے دن کے موقع پرانہوں نے ضلع کے گڈی پلی کے کسان مرکز میں قدرتی زراعت پرکسانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں کوجامع زرعی طریقوں کواختیارکرنا چاہئے۔انہوں نے مزید کہا کہ زمین کی کٹائی کو روکنےاور پانی کے وسائل کومؤثرطریقہ سے استعمال کرنے کے لئے کسانوں کوفصلوں کی تبدیلی، درمیان کی فصلوں اوربہترکاشتکاری طریقوں پرعمل کرنا چاہیے۔سری دھرریڈی نے کسانوں کومشورہ دیا کہ ان طریقوں سے زمین کی کٹائی کوروکا جاسکتا ہے۔کسانوں کے اس اجلاس میں کرشی ویگنات مرکز کے سینئر سائنسی ماہرنریش نے بھی شرکت کی۔

ACB ARREST

تلنگانہ کے ضلع ہنمکنڈہ کے ایڈیشنل کلکٹر، محکمہ تعلیمات کے انچارج آفیسر وینکٹ ریڈی کو اینٹی کرپشن بیورو کے حکام نے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ اے سی بی ڈی ایس پی سامبیا کے مطابق، ایک اسکول کی مسلمہ حیثیت کی تجدید کے لئے وہ 60 ہزار روپے رشوت وصول کر رہے تھے۔ پہلے سے ملی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر اے سی بی ٹیم نے اچانک چھاپہ مار کر وینکٹ ریڈی کو رقم لیتے ہوئے پکڑلیا۔ حکام نے مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے اطلاع دی ہے کہ ریاست میں آئندہ تین دنوں کے دوران درجہ حرارت معمول سے دو سے تین ڈگری تک کم رہنے کا امکان ہے۔ مرکز نے کہا کہ رات سے سرد ہواؤں کی شدت میں مزید اضافہ ہوگا اور عوام کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ آصف آباد ضلع کے سرپور میں آج صبح 6 بجے اقل ترین درجہ حرارت 8.1 ڈگری سیلسی س ریکارڈ کیا گیا۔ عادل آباد، نظام آباد، سنگاریڈی، وقار آباد اور میدک اضلاع میں بھی درجہ حرارت دس ڈگری سیلسیس سے کم ریکارڈ کیا گیا۔

ARREST KHAMMAM

تلنگانہ کے ضلع کھمم کے ستوپلی جنگلات کے رینج میں پانچ ہرنوں کو غیر قانونی طور پر شکار کر کے ہلاک کرنیکی واردات سامنے آئی ہے۔ ضلع کے فاریسٹ آفیسر سدھارتھ وکرمسنگھ نے بتایا کہ اس واقعہ میں ملوث ملزمینکو گرفتار کر کے ریمانڈ پر بھیج دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یہ شکار گزشتہ ماہ 24 تاریخ کو کیا گیا تھا۔ ایک آؤٹ سورس ملازم کی مدد سے ملزمینے یہ واردات کی تھی۔ ملزمینکے خلاف کارروائی کرتے ہوئے، شکار میں استعمال ہونے والی مقامی بندوقیں اور ایک فور وہیلر گاڑی بھی ضبط کرلی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ملزمینکو جیل بھیج دیا گیا ہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔

PANCHAYAT ELECTIONS - JANGAON

جنگاوں ضلع میں ہونے والی پنچایت انتخابات کے کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر وکلکٹر رضوان بشاہ شیخ نے واضح کیا کہ وہ پنچایتیں جو انتخابات کے لئے تیار ہیں اور جو اتفاق رائے سے منتخب ہو چکی ہیں، ان میں انتخابات کے مکمل ہونے تک انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ضلع کی گرام پنچایتوں کے لیے 11، 14، اور 17 دسمبر کو پولنگ ہوگی۔ ضلع کے انتخابات کے مائیکرو آبزرورس کیلئے تربیتی کلاسس کا انعقاد کیا گیا ہے۔

PANCHAYAT NIRMAL

نرمل ضلع میں پنچایت انتخابات کے انتظامی عملہ کے لیے آج تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر وکلکٹر ابھیلاشا ابھینو نے کہا کہ پولنگ کے آسان انعقاد کیلئیعملہ کو شفافیت اور جوابدہی کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔

PANCHAYAT ELECTIONS-RAJANNA SIRSILLA

راجنا سرسلہ ضلع میں الیکشنمائیکرو آفیسروں کیلئے تربیتی کلاسس کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ انچارج کلکٹر و الیکشن آفیسر گریما اگروال نے کہا کہ پولنگ کو آزادانہ اور غیر جانبدارانہ طریقہ سے منعقد کرنے میں مائیکرو نگران آفیسر سکا کردار بہت اہم ہے۔

PANCHAYAT POLLS-BHONGIR

یادادری بھونگیر ضلع کے کلکٹر ہنمنت راو نے گرام پنچایت انتخابات کی تربیتی کلاسس میں شرکت نہ کرنے والے عہدیداروں کو انتباہ دیا کہ ان کو معطل کیا جائے گا۔ اس ماہ کی 11 تاریخ کو ہونے والے انتخابات کے لئے منڈل سطح کے انتخابی عملہ کے لئے آج تربیتی کلاسس کا انعقاد کیا گیا۔

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم ن گر ضلع کے یوگا کھلاڑیوں کو قومی سطح پر منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ یہ کھلاڑی حال ہی میں تلنگانہ یوگا اسوسی ایشن کے تحت رنگا ریڈی ضلع میں منعقدہ مقابلوں میں منتخب ہوئے تھے۔ یہ کھلاڑی 27 دسمبر سے رانچی میں چار دنوں تک ہونے والے قومی سطح کے یوگا مقابلہ میں حصہ لیں گے۔

Homeguard Day

آج تلنگانہ بھر میں ہوم گارڈس کے یوم تاسیس کی تقاریب منائی گئیں۔ ریاست کے ڈی جی پی شیو دھر ریڈی نے کہا کہ ہوم گارڈس کا کردار نہ صرف امن و امان کی حفاظت میں بلکہ ہنگامی حالات میں بھی نہایت قیمتی ہے۔ انہوں نے اس موقع پر ہوم گارڈس کو مبارکباد بھی دی۔

Homeguard Kamareddy

کامارڈی ضلع پولیس دفتر میں منعقدہ پروگرام میں ضلع ایس پی راجیش چندر بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہوم گارڈس امن و امان کی حفاظت کے ساتھ ساتھ ہنگامی حالات میں بھی اہم خدمات انجام دے رہے ہیں۔ 63 ویں ہوم گارڈ یوم تاسیس کے موقع پر ایس پی نے ان ہوم گارڈس کو ستائشی اسناد بھی دئے جو بغیر کسی رکاوٹ کے اپنی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔

Homeguard Asifabad

آصف آباد میں ہوم گارڈ ڈے کی تقریب میں ضلع ایس پی نتیکا پنتھ شریک ہوئیں۔ انہوں نے پولیس ہیڈکوارٹر میں پودے لگائے اور اس موقع پر بہترین ہوم گارڈز کو عزت دی۔

Seed Act Draft

مرکزی حکومت کی طرف سے تیار کئے گئے بیج ایکٹ کے مسودے میں 13 نکات میں تبدیلی کی تجویز دی گئی ہے، جس کا اعلان پروفیسر جے شنکر تلنگانہ ایگریکلچر یونیورسٹی کے پروفیسر جانیا نے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ تبدیلیاں ضلع سطح سے ریاست سطح تک مختلف فریقین سے مشاورت کے بعد تجویز کی گئی ہیں۔ انہوں نے کسانوں سے درخواست کی کہ وہ ان تجاویز پر اپنے خیالات 11 دسمبر تک مرکزی حکومت کو پہنچائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیج ایکٹ میں کسانوں کے طویل مدتی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے تبدیلیاں کی جانی چاہئیں اور اس کا نفاذ ریاستی سطح پر ہونا چاہئے۔ انہوں نے تلنگانہ اور دوسرے جنوبی ریاستوں میں کسانوں کی حفاظت کے لیے قوانین بنانے کی تجویز دی تاکہ وہ نقلی بیجوں سے محفوظ رہیں، اور کسانوں کو نقصانات کے ازالے کی ضمانت مل سکے۔

Ambedkar Death Anniversary

تلنگانہ بھر میں آج دستور ہند کے معمار ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ان کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے، سماجی انصاف اور مساوات کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ ڈاکٹر امبیڈکر فاؤنڈیشن کی طرف سے ہر سال اس دن کو منایا جاتا ہے۔

Ambedkar Kamareddy

کامارڈی میں، ریاستی حکومت کے زرعی مشیر اور بانسواڑہ ایم ایل اے پوچارم سرینواس ریڈی نے ڈاکٹر امبیڈکر کی 69 ویں برسی کے موقع پر بانسواڑہ کے امبیڈکر مجسمہ پر پھولوں کی مالا چڑھائی اور خراج عقیدت پیش کیا۔

Ambedkar Talasani

حیدرآباد کے بنسی لال پیٹ میں، سابق وزیر اور صنعت نگر کے ایم ایل اے ٹی سری نواس یادو نے ڈاکٹر امبیڈکر اور بابو جگ جیون رام کے مجسموں پر پھولوں کی مالا چڑھائی اور انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر نے ہندوستانی آئین تیار کیا جو تمام طبقات کے لئے مساوات کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

Ambedkar Jangaon

جنگاؤں آر ٹی سی چوراہے پر ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسمہ پر کئی افراد نے پھول مالائی چڑھائی اور خراج عقیدت پیش کیا۔ ضلع کانگریس صدر ڈی لکاوت نے بھی اس موقع پر خراج عقیدت پیش کیا۔

CM

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت ترقی اور فلاح کے دو اہم ستونوں پر چل رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی حکومت ریاست کے 3.10 کروڑ افراد کو باریک چاول فراہم کر رہی ہے اور تلنگانہ وہ واحد ریاست ہے جہاں راشن کارڈ پر باریک چاول تقسیم کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے نلگنڈہ ضلع کے دیورکنڈہ میں جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور انتخابی وعدوں کے مطابق، حکومت نے اقتدار میں آتے ہی بڑی تعداد میں نئے راشن کارڈس جاری کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے صرف ایک سال میں 25 لاکھ کسانوں کو قرض معافی فراہم کی ہے۔ سابق بی آر ایس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے الزام لگایا کہ کانگریس کی حکومت نے ایس ایل بی سی پروجیکٹ کو منظور کیا تھا جسے بی آر ایس حکومت نے نظر انداز کر دیا۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ نے دیورکونڈہ اسمبلی حلقہ میں 23 کروڑ روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان پروجکٹس میں این آر کالونی میں پارک، لڑکوں کے کالج میں اسٹیڈیم، واکنگ ٹریک اور زیرِ زمین نالوں کے منصوبے شامل ہیں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے خواتین کے گروپوں کو تقریباً 11.34 کروڑ روپے کی مالیت کے بینک سے مربوط چیکس بھی دئے۔

○○